**09.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

..........................................................................

- ☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی غیرمعینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو کا کہنا ہے کہ بجٹ اجلاس نہایت مفید اور کارآمد رہا۔
- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نیوزی لینڈ کا دو روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد Timor-Leste کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئی ہیں۔
- ☆ سپریم کورٹ نے 11 اگست کو ہونے والے NEET-PG-2024 امتحان مؤخر کرنے کی درخواست مسترد کردی ہے۔
- ☆ مرکز نے بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر موجودہ صورتحال کی نگرانی کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔
- ☆ ایئرانڈیا نے مغربی ایشیا خطے میں موجودہ صورتحال کے پیش نظر تل ابیب جانے اور آنے والی پروازیں منسوخ کردی ہے۔
- ☆ اور پیرس اولمپک میں کانسے کے تمغے کیلئے مردوں کے 57 کلوگرام فری اسٹائل کشتی میں امن سہراوت کا مقابلہ آج رات Puerto Rico کے Darian Cruz سے ہوگا۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Parliament Sine Die*

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی، آج غیرمعینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی۔ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 22 جولائی کو شروع ہوا تھا اور یہ پیر کو ختم ہونے والا تھا۔ اسپیکر اوم برلا نے آج کہا کہ اِس دوران 15 اجلاس ہوئے جو 115 گھنٹوں پر مشتمل تھے۔ انھوں نے کہا کہ وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے 23 جولائی کو 2024-25 کا مرکزی بجٹ پیش کیا جس پر ایوان میں 27 گھنٹے 19 منٹ بحث ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران، 12 سرکاری بل پیش کئے گئے جن میں سے لوک سبھا نے چار کو پاس کیا۔ اسپیکر نے کہا کہ لوک سبھا میں اِس اجلاس کے دوران 136 فیصد کام کاج ہوا۔ ایوانِ زیریں میں خزانہ بل، Appropriation یعنی تصرّف بل، جموں وکشمیر Appropriation

بل اور بھارتیہ وایو یان ودھیک پاس کئے گئے۔

S/B 2100 OM Birla Lok Sabha

راجیہ سبھا چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ ایوانِ بالا میں مرکزی بجٹ پر تقریباً 22 گھنٹے بحث ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران، 90 گھنٹے کام کاج ہوئے۔x

## ***Par Kiren Rijiju***

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس بہت زیادہ کارآمد رہا۔ بجٹ اجلاس آج ختم ہوگیا۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ پورے اجلاس کے دوران، لوک سبھا اور راجیہ سبھا دونوں ایوانوں میں خوش اسلوبی کے ساتھ کام کاج ہوا۔ جناب رجیجو نے مزید بتایا کہ ایک دن بھی ایسا نہیں رہا جس میں کام کاج نہ ہوا ہو اور دونوں ایوانوں کی کارروائی خوش اسلوبی کے ساتھ مکمل ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران پارلیمنٹ نے بجٹ سے متعلق کام کاج مکمل اور کئی بل بھی پاس کئے۔

S/B 2100 Kiren Rijiju

## ***LS Waqf Joint Committee***

لوک سبھا نے آج ایک تحریک کو منظوری دی ہے جس میں وقف ترمیمی بل 2024 کا جائزہ لینے کیلئے دونوں ایوانوں کی ایک مشترکہ کمیٹی کے ایک حصے کے طور پر 21 ممبران کے نام شامل ہیں۔ اِس میں دوسرے ممبروں کے علاوہ جگدمبیکا پال، نشی کانت دوبے، تیجسوی سوریا، دلیپ Saikia، گوروگگوئی، عمران مسعود، محمد جاوید، کلیان بنرجی اور اسدالدین اویسی شامل ہیں۔ کمیٹی میں راجیہ سبھا کے بھی 10 ممبر شامل ہیں۔

ایوانِ زیریں میں تحریک پیش کرتے ہوئے پارلیمانی اور اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ کمیٹی اگلے اجلاس کے پہلے ہفتے کے آخری دن تک اپنی رپورٹ لوک سبھا میں پیش کرے گی۔ راجیہ سبھا نے بھی دس ممبران کو شامل کرنے کے سلسلے میں اسی طرح کی ایک تحریک منظور کی ہے۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے اہم ممبروں میں برج لال، سنجے سنگھ، رادھا موہن داس اگروال اور وی وجے سائی ریڈی شامل ہیں۔x

## ***LS Vayauyan Vidheyak***

لوک سبھا نے آج بھارتیہ Vayuyan Vidheyak 2024 کو منظوری دے دی۔ یہ بل مرکزی حکومت کو اختیار دیتا ہے کہ وہ ہوائی جہاز کے کام کاج کو تحفظ فراہم کرنے کی غرض سے کسی بھی قسم کے ہوائی جہاز یا طیارے کے ڈیزائن، مینوفیکچرنگ، رکھ رکھاؤ، تحویل، استعمال، کام کاج، فروخت، برآمد یا درآمد کو منضبط کرنے کیلئے قواعد و ضوابط وضع کرے۔ اس بل کا مقصد حکومت کو کسی بھی فضائی حادثے یا واقعے کی تحقیقات کے لیے قوانین بنانے کا اختیار بھی فراہم کرنا ہے۔

بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر Kinjarapu رام موہن نائیڈو نے کہا کہ نریندر مودی حکومت کے تحت گزشتہ دس برس میں شہری ہوابازی کے شعبے نے ناقابل تصور ترقی کا مشاہدہ کیا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں مسافروں کی تعداد میں سب سے زیادہ اضافہ درج کیا گیا ہے اور بھارت اس وقت دنیا کی تیسری سب سے بڑی ہوا بازی معیشت ہے۔ x

## LS Bullet Proof Jacket

DRDO نے ہلکے Front Hard Armour Panel سے Bullet پروف جیکٹ تیار کیا ہے۔ لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں دفاع کے وزیرمملکت سنجے سیٹھ نے کہا کہ یہ لیول 6 کا سب سے ہلکا Bullet پروف جیکٹ ہے جس کے میڈیم سائز کا وزن تقریباً دس کلو گرام سے زیادہ ہے۔ یہ کارروائی کے دوران پہننے میں آسانی اور آرام فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس جیکٹ میں دوسری خصوصیات کے علاوہ Quick Release میکنزم کی ایک اہم خاصیت موجود ہے۔x

## Prez Timor

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نیوزی لینڈ کے کامیاب دو روزہ دورے کے بعد Timor-Leste کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئی ہیں۔ صدر جمہوریہ مرمو، کل صبح Timor-Leste کی راجدھانی Dili پہنچیں گی۔ وہ Timor-Leste کے صدر اور وزیر اعظم کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC- Sri Sai Vempati

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو Timor-Leste کے صدر ہوزے راموس ہورتا کی دعوت پر کل Timor-Leste کا سرکاری دورہ کریں گی۔ 2004 میں دونوں ملکوں کے درمیان باضابطہ طور پر سفارتی تعلقات قائم ہونے کے بعد بھارت کے سربراہِ مملکت کا Timor-Leste کا یہ پہلا دورہ ہے۔ اِس دورے کے دوران انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹلائیزیشن، حفظانِ صحت، زراعت اور صلاحیت سازی جیسے شعبوں میں باہمی اشتراک و تعاون پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ اُن کا یہ دورہ اِس سال جنوری میں درخشاں گجرات سربراہ کانفرنس میں صدر ہوزے راموس ہورتا کی شرکت کے 7 مہینے بعد ہو رہا ہے۔

سری سائی Vempati کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## PM Wayanad Visit

وزیر اعظم نریندر مودی امدادی اور بازآبادکاری کی کوششوں کا جائزہ لینے کیلئے کل کیرالہ کے وائناڑ کا دورہ کریں گے۔ وہ کنور پہنچیں گے اور وہاں سے وائناڑ میں مٹی کے تودے گرنے سے متاثرہ علاقوں کا ہوائی سروے کریں گے۔ بچاؤ فورسز، بچاؤ کی کوششوں کے بارے میں جناب مودی کو جانکاری دیں گی۔ اس کے بعد وزیر اعظم ایک جائزہ

میٹنگ کی صدارت کریں گے جہاں اُنھیں حادثے اور جاری امدادی کوششوں کے بارے میں تفصیل سے جانکاری دی جائے گی۔x

**SC NEET**

سپریم کورٹ نے آج اُس درخواست کو مسترد کردیا جس میں آئندہ 11 اگست کو ہونے والے NEET-PG-2024 امتحان کو مؤخر کرنے کی بات کہی گئی تھی۔ عدالت نے کہا کہ دو لاکھ طلبا کے مستقبل کو خطرے میں ڈالنا ناانصافی ہوگی۔ عدالت نے اُس درخواست کو بھی مسترد کردیا جس میں یہ کہا گیا تھا کہ امیدواروں کیلئے تفویض کردہ امتحان منعقد کرانے والے کچھ شہر کچھ امیدواروں کیلئے غیرمناسب ہیں۔ جسٹس جے بی پردی والا اور جسٹس منوج مسرا کے ساتھ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ نے کہا کہ اصولی طور پر عدالت امتحان کی تاریخوں میں تبدیلی نہیں کرے گی، اتنے سارے امیدواروں کے کیریئر کو خطرے میں نہیں ڈالا جاسکتا۔ درخواست میں یہ کہا گیا تھا کہ بہت سے امیدواروں کو امتحان دینے کیلئے ایسے شہر ملے ہیں جہاں اُن کیلئے پہنچنا دشوار کن ہے۔

NEET-PG کا امتحان 23 جون کو ہونے والا تھا۔ دوسرے مقابلہ جاتی امتحانات میں مبینہ طور پر بے ضابطگیوں کے بعد احتیاطی اقدام کے طور پر صحت کی مرکزی وزارت نے اِسے ملتوی کردیا تھا۔ اِس سال 2024 کا NEET-PG امتحان ملک بھر کے 500 امتحان مراکز میں کرایا جائے گا۔x

**Bangladesh Border Commiittee**

مرکزی سرکار نے بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر موجودہ صورتحال کی نگرانی کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ کمیٹی بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ رابطے میں رہے گی تاکہ بھارتی شہریوں اور بنگلہ دیش میں اقلیتی فرقوں کے لوگوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔ سرحدی سکیورٹی فورس BSF کی مشرقی کمان کے ADG کی سربراہی میں یہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جس میں BSF فرنٹیئر ہیڈ کوارٹرس جنوبی بنگال کے آئی جی، BSF فرنٹیئر ہیڈ کوارٹرس تریپورہ کے آئی جی، زمینی بندرگاہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی LPAI کے منصوبہ بندی اور ترقی کے ممبر اور LPAI کے سکریٹری ممبر کے طور پر شامل ہیں۔x

**J&K ECE**

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے آج کہا کہ انتخابی کمیشن جموں و کشمیر میں جلد سے جلد انتخابات کرانے کے تئیں عہد بند ہے اور کسی بھی داخلی یا خارجی طاقت کو انتخابی عمل کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جموں میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب کمار نے کہا کہ جموں اور کشمیر میں تمام سیاسی پارٹیاں اسمبلی انتخابات کرانے کے حق میں ہیں اور انتخابی کمیشن جلد سے جلد اِسے کرانے کیلئے عہد بند ہے۔انتخابی کمیشن نے جموں کشمیر کے چیف سکریٹری اور پولیس سربراہ سے صلاح و مشورہ کیا اور اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔اعلیٰ انتخابی کمشنر کی سربراہی میں انتخابی کمیشن کا ایک وفد مرکز کے زیر انتظام علاقے کے تین روزہ دورے پر ہے۔ x

**Jaishankar Maldives**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر تین روزہ سرکاری دورے پر آج شام مالدیپ پہنچ گئے ہیں۔ اُن کے ہم منصب موسیٰ ضمیر نے ایئر پورٹ پر اُن کا استقبال کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کی پڑوسی پہلے اور SAGAR نظریے میں مالدیپ کی اہم جگہ ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ مالدیپ کی قیادت کے ساتھ مفید بات چیت کے منتظر ہیں۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مالدیپ بھارت کا اہم بحری پڑوسی ہے۔ اس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان قریبی شراکت داری کو مستحکم کرنا اور باہمی تعلقات کو مزید بہتر کرنے کے مواقع تلاش کرنا ہے۔x

**LS Jaishankar Russia**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ ابھی تک 91 بھارتی باشندوں کے ایسے معاملے سامنے آئے ہیں، جنہیں روس کی فوج میں بھرتی کیا گیا ہے۔ لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بدقسمتی سے اِن میں سے آٹھ افراد فوت ہوچکے ہیں اور 14 افراد کو سبکدوش کیا جاچکا ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ 69 بھارتی شہری، روس کی فوج سے چھوڑے جانے کے منتظر ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت اِس معاملے پر سنجیدہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اُنہوں نے اِس معاملے پر روس کے وزیر خارجہ کے ساتھ کئی بار بات کی ہے۔ اُنہوں نے مزید بتایا کہ جب وزیر اعظم نریندر مودی پچھلے مہینے ماسکو میں تھے، جناب مودی کو روس کے صدر نے یقین دہانی کرائی تھی کہ کوئی بھی بھارتی شہری، جو روس کی فوج میں خدمات انجام دے رہا ہے، اُسے سبکدوش کرکے چھوڑ دیا جائے گا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ مشکل یہ ہے کہ روسی حکام کا کہنا ہے کہ یہ بھارتی شہری، روسی فوج میں خدمات انجام دینے کیلئے معاہدہ کرکے شامل ہوئے تھے۔ البتہ اُنہوں نے اشارہ دیا کہ بہت سے معاملات میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ بھارتی باشندوں کو گمراہ کیا گیا اور کہا گیا کہ اُنھیں دوسرے کاموں کیلئے وہاں لے جایا جارہا ہے۔x

**Air India Suspended**

ایئر انڈیا نے مغربی ایشیا خطے کے موجودہ حالات کے تناظر میں تل ابیب سے آنے والی اور تل ابیب جانے والی تمام پروازوں کو اگلے حکم نامے تک فوری طور سے معطل کر دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایئر انڈیا نے کہا ہے کہ وہ حالات کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے اور اُس نے مسافروں اور عملے کے افراد کی حفاظت کے پیش نظر اپنی پروازوں کو معطل کر دیا ہے۔ x

**Israreal Alerts**

ایران اور حزب اللہ کے حملوں کے امکانات کے پیش نظر مغربی ایشیا میں بڑھتی کشیدگی کے درمیان اسرائیل ہائی الرٹ پر ہے۔ ممکنہ تنازعے کے پس منظر میں ملک کی تیاریوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اسرائیلی فوج کو دیئے گئے ایک

بیان میں وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے یقین دلایا کہ اسرائیل، دفاع اور حملے، دونوں کیلئے تیار ہے۔ x

## Russia Ukraine

روس، یوکرینی دراندازی سے نمٹنے کیلئے چوتھے دن Kursk میں مزید فوجیں بھیج رہا ہے۔

ایک بیان میں روسی فوج نے بتایا کہ یوکرین کی فوج کی پیش قدمی روک دی گئی ہے تاہم ضلع کے کچھ حصوں میں یوکرینی اب بھی موجود ہیں۔

خطے میں مجموعی طور پر 25 عارضی پناہ گاہیں قائم کی گئی ہیں، جن میں فی الحال 2 ہزار سے زیادہ لوگ موجود ہیں۔ اِن میں 520 بچے بھی شامل ہیں۔

Kursk خطے میں وفاقی ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا ہے۔ روس اور یوکرین کے درمیان جنگ شروع ہونے کے بعد سے یوکرین کی فوجوں نے منگل کے روز روسی علاقے کے Kursk خطے کے Sudzha ضلعے میں اب تک کا سب سے بڑا حملہ کیا ہے۔x

## PM Chopra

وزیر اعظم نریندر مودی نے نیزہ پھینکنے والے کھلاڑی نیرج چوپڑا سے بات کی ہے اور پیرس اولمپک 2024 میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر اُنھیں مبارکباد دی ہے۔

S/B 2100 PM Chopra

## Paris Olympics

اب کچھ خبریں پیرس اولمپکس سے:

Opening Music

پیرس اولمپک 2024 میں بھارتی پہلوان امن سہراوت مردوں کی 57 کلو گرام فری اسٹائل کُشتی میں تمغہ جیتنے کی کوشش کریں گے۔ یہ مقابلہ آج Champ-de-Mars اَرینا میں کھیلا جائے گا۔ اَمن، بھارت کیلئے کُشتی میں پہلے پیرس اولمپک میڈل کیلئے کوشش کرتے نظر آئیں گے۔

کانسے کے تمغے کیلئے اَمن کا مقابلہ Puerto Rico کے Darian Cruz کے ساتھ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات پونے دس بجے شروع ہوگا۔ ایتھلیٹکس میں، 4 ضرب 400 میٹر ریلے دوڑ میں مردوں اور خواتین کی ٹیمیں 3 منٹ کے ساتھ پانچویں نمبر پر رہیں۔

[Closing- Olympic Music]

☆☆☆☆☆☆☆☆